SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
August 26, 2016

ایس ای سی پی گوادر میں سرمایہ کاروں کے لئے سہولت سینٹر قائم کرے گا۔

اسلام آباد، ۲۶ اگست: سکیورٹیز اینڈ کمیشن پاکستان اور چائنہ اوورسیز پورٹس ہولڈنگ کمپنی پاکستان (پرائیویٹ) لمیٹڈ (سی او پی ایچ سی) کے مابین ایک مفاہمتی یاداشت پر دستخط کئے گئے جس کے تحت گوادر فری زون میں ایک سہولت سینٹر قائم کیا جائے گا جو سرمایہ کاروں کو پاکستان میں کاروبار کرنے کے لئے معاونت فراہم کرے گا۔ اس موقع پر گوادر پورٹ اور فری زون میں کاروبار کے آغاز کے موضوع پر منعقدہ سیمینار میں وفاقی وزیر بندرگاہیں و جہاز رانی میر حاصل خان بزنجو نے بھی شرکت کی۔

مفاہمتی یاداشت کا مقصد ایس ای سی پی کے مجوزہ سہولت سینٹر کے قیام سے دونوں اداروں کے مابین رابطہ اور تعاون بڑھانا ہے۔ یہ سہولت سینٹر کمپنیوں کی پاکستان میں رجسٹریشن اور بعد از تشکیل سرگرمیوں کے حوالے سے ایس ای سی پی کے رجسٹریشن دفتر اور متوقع سرمایہ کاروں کے درمیان ایک پُل کا کردار ادا کرے گا۔ مفاہمتی یاداشت پر ایس ای سی پی کے ایڈیشنل رجسٹرار سڈنی پریرا اور سی او پی ایچ سی کے چیئرمین ژونگ باؤ ژونگ نے دستخط کئے۔ مقامی ہوٹل میں ہونے والی اس تقریب میں میر حاصل بزنجو، گوادر پورٹ اتھارٹی کے چیئرمین دوستان خان جمال دینی، کراچی میں چین کے قونصل جنرل موہونگ پین اور سیکرٹری بندرگاہیں وجہاز رانی خالد پرویز بھی شریک تھے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

ایس ای سی پی نے حال ہی میں متعدد اصلاحات متعارف کروائی ہیں جن کا مقصد کمپنیوں کے قیام کی حوصلہ افزائی کرنا ہے ان اصلاحات میں رجسٹریشن فیس میں خاطر خواہ کمی، مصدقہ نقول کی مفت فراہی، ایک دن کے اندر اندر کمپنی کی تشکیل کے سارے مراحل کی تکمیل، دو گھنٹے کے اندر تیز تر رجسٹریشن کے عمل کی تکمیل، فیسوں کی بذریعہ کریڈٹ کارڈ یا آن لائن فنڈ ٹرانسفر ادائیگی اور این آئی ایف ٹی سے برقی دستخطوں کا حصول شامل ہے۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مہمانوں نے روشنی ڈالی کہ گوادر کی بندرگاہ اور گوادر فری زون میں تعمیراتی، ترقیاتی اور آپریٹنگ میں مشغول سی او پی ایچ سی کو کافی رعاعتیں حاصل ہیں۔ حکومت نے 637 ایکڑ زمین فری زون کے لئے کمپنی کو منتقل کر دی ہے جس پر مرحلہ وار کام کیا جائے گا۔ ابتدائی طور پر سرمایہ کاروں کو جدید ترین کمرشل سینٹر، سڑکوں، پانی کی صفائی اور دستیابی، زیرِ زمین نکاسی، بجلی، گیس اور موصلاتی نیٹ ورک، وئیر ہاؤسز، دفاتر، چھوٹے صنعتی یونٹ، اور تمام شہری سہولتوں سے آراستہ پلاٹوں کی پیش کش کی جائے گی۔ گوادر میں سرمایہ کاری کے خواہش مند صنعتکاروں اور کاروباری افراد کے لئے حالیہ بجٹ میں منظور کردہ مراعاتی پیکج کے پسِ منظر میں اس مفاہمتی یاداشت کو کاروباری طبقے نے بہت اہم قرار دیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254